بچّی: میرے امّی ابّو، دادا دادی، نانا نانی اور بہن بھائی سب کو ویکسین لگ گئی ہے۔ کیا اب میری باری ہے؟

راوی: 5 سے 11 سال تک کی عمر کے بچّے خود کو اور اپنے پیاروں کو کووڈ-19 سے محفوظ رکھنے کے لئے ضرور ویکسین لگوائیں۔ ویکسین لگوانے والے لوگوں کی کل تعداد میں اضافہ سے ہمیں ہماری کمیونٹیز میں موجود کمزور تر افراد جیسے ہمارے دادا دادی، نانا اور نانی کی حفاظت میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

بچّی: میں خود کو اور اپنی فیملی کو کووڈ-19 سے بچانے کے لئے تیار ہوں اور میں ویکسین بھی لے سکتی ہوں۔ جب میں چھوٹی تھی تو مجھے بہت ساری ویکسینز لگی تھیں۔

راوی: اس ویکسین کو سخت تجربات سے گزارا گیا ہے۔ یہ محفوظ ہے اور تمام دنیا میں استعمال ہو رہی ہے۔ اربوں افراد جس میں 5 سال سے زائد عمر کے بچّے بھی شامل ہیں پہلے ہی ویکسین لے چکے ہیں۔ ویکسین لگوانا بچّوں، بزرگوں، نوعمر اور بالغ افراد سب کے لئے محفوظ ہے۔ بچّوں کو بڑوں کی بہ نسبت ویکسین کی کم مقدار دی جاتی ہے۔ یہ ویکسین دیگر ادویات کے ساتھ دخل اندازی نہیں کرتی اور ایسے لوگوں کے لئے محفوظ ہے جنہیں الرجی کی تکلیف ہو۔

بچّی: مجھے تو تکلیف بھی نہیں ہوئی۔ ممی اب میں اپنی دوسری ڈوز کے لئے 2 مہینے بعد واپس آؤں گی۔ بالکل آپ کی طرح۔